GIG CYMRU NHS WALES | Iechyd Cyhoeddus Cymru Public Health Wales

Llywodraeth Cymru Welsh Government

ویلز کو محفوظ رکھنے کے لیے ٹیسٹ کریں۔ کھوج لگائیں۔ اور محفوظ بنائیں۔

آپ کو کیا کرنے کی ضرورت ہے؟

1



آپ میں کرونا وائرس کی کم از کم 1 علامت سامنے آئی ہو: نئی مسلسل کھانسی؛ بلند جسمانی درجہ حرارت؛ یا آپ کی سونگھنے یا ذائقے کی حس ختم ہو گئی ہو۔

2

آپ اور آپ کے گھرانے کے افراد اپنے آپ کو الگ تھلگ رکھنے (آئسولیشن) کی ہدایات پر عمل کریں۔

۳

علامات ظاہر ہونے کے پہلے 5 دن کے اندر ٹیسٹ کرائیں، کیونکہ اس دوران ٹیسٹ انتہائی مؤثر ہوتا ہے۔
یہاں پر ٹیسٹ کے لیے اپلائی کریں۔

٤

اگر ٹیسٹ منفی آ جاتا ہے، تو آپ کو یا آپ کے گھرانے کے دیگر لوگوں کو مزید کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کو مزید الگ تھلگ رہنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر ٹیسٹ مثبت آ جاتا ہے، تو NHS ویلز ٹیسٹ، ٹریس، پروٹیکٹ سروس کی جانب سے آپ کے ساتھ ایک کنٹیکٹ ٹریسر رابطہ کرے گا۔ آپ کا ٹیسٹ مثبت آ جانے کے بعد ہی آپ کے ساتھ رابطہ کیا جائے گا۔

٥

آپ سے معلومات فراہم کرنے کی درخواست کی جائے گی۔ ہمیں یہ جاننا ہو گا کہ آپ کن لوگوں کے ساتھ رابطے میں رہے ہیں اور آپ کی علامات ظاہر ہونے سے دو دن پہلے سے لے کر اب تک آپ کہاں رہے ہیں۔

!

اگر آپ کسی شخص کے قریب ایک میٹر کے فاصلے پر ایک منٹ یا زیادہ وقت تک رہے تھے یا کسی کے قریب دو میٹر کے فاصلے پر پندرہ منٹ یا زیادہ وقت کے لیے رہے تھے، تو آپ کو ان لوگوں کے بارے میں ہمیں بتانا ہو گا۔ آپ کو ہمیں ان لوگوں کے بارے میں بھی بتانا ہو گا جن کے ساتھ آپ نے ایک ہی گاڑی میں سفر کیا تھا یا جو لوگ پبلک ٹرانسپورٹ میں آپ کے قریب بیٹھے تھے۔

براہ کرم دھوکہ باز کالرز سے ہوشیار رہیں۔ ہم کبھی بھی آپ سے کسی قسم کی مالی معلومات، بینک تفصیلات یا پاسورڈ نہیں مانگیں گے۔ اگر کوئی شک ہو، تو معلومات فراہم نہ کریں۔ آپ کو ٹیکسٹ میسج +447775106684 سے موصول ہوں گے، ای میلز tracing@wales.nhs.uk / olrhain@wales.nhs.uk سے ملیں گی اور کالز آپ کو 02921 961133 سے کی جائیں گی۔ NHS ٹریس، ٹیسٹ، پروٹیکٹ رابطے کے لیے دیگر کوئی ذریعہ استعمال نہیں کرے گا۔

٦

ایک کنٹیکٹ ٹریسر آپ کے قریب آنے والے لوگوں سے رابطہ کرے گا۔ وہ انہیں بتائے گا کہ وہ کسی ایسے شخص کے قریب رہ چکے ہیں جس کا کورونا وائرس ٹیسٹ مثبت آ چکا ہے۔ اگر آپ اجازت نہیں دیتے، تو آپ کی شناخت ظاہر نہیں کی جائے گی۔ انہیں معاونت فراہم کی جائے گی اور مشورہ دیا جائے گا کہ آخری مرتبہ آپ کے قریب آنے کے بعد سے، وہ اپنے آپ کو 14 دن تک الگ تھلگ رکھیں۔ ان کے گھر کے افراد کو الگ تھلگ رہنے کو نہیں کہا جائے گا مگر انہیں سماجی فاصلہ بندیکی عمومی ہدایات پر عمل کرنا ہو گا اور انہیں گھر میں الگ تھلگ رہنے والے شخص کے قریب جانے سے گریز کرنا ہو گا۔

٧

اگر آپ کے قریب آنے والے لوگوں میں علامات ظاہر ہوتی ہیں، تو انہیں صرف اسی صورت میں ہی ٹیسٹ کرانے کو کہا جائے گا۔ علامات ظاہر نہ ہونے والے لوگوں کو ٹیسٹ کی سفارش نہیں کی جاتی، کیونکہ اس طرح کے نتائج غلط ہو سکتے ہیں۔ اگر ٹیسٹ مثبت آ جاتا ہے، تو اس شخص، اس کے اہل خانہ اور رابطہ میں آنے والے لوگوں کی دوبارہ جانچ ہوگی۔

اپنی نقل و حرکت کو یاد کریں۔ وائرس کے پھیلاؤ کو روکیں۔
ہم مل کر ویلز کو محفوظ رکھیں گے۔

DIOGELU CYMRU
KEEP WALES SAFE

ملاحظہ کریں gov.wales/coronavirus